3139 ـ خاوند نے اسے ماضی میں کردہ گناہ کی قسم کھانے کو کہا

سوال

خاوند نے بیوی کو کہا کہ وہ قسم اٹھائے کہ اس نے ماضی میں حرام فعل نہیں کیا، بیوی کو کیا کرنا چاہیے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ عبد اللہ بن جبرین حفظہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا:

جب اسے کسی محذور چیز یا طلاق اور بدنامی ہونے کا ڈر ہو تو وہ قسم کھا لے، اور اسے استغفار اور اعمال صالحہ کثرت سے کرنا ہونگے.

اور اس پر کوئی کفارہ نہیں کیونکہ اس نے ماضی پر قسم کھائی ہے، اور اس میں جھوٹ ہے، اور اس کا کفارہ خالص اور پکی توبہ ہے.

واللہ اعلم .